بُرے وقت کے لئے بچت کرنا عقلمندی ہے اور خصوصاً جب آپ کے پاس ایسا موقع ہو کہ وقت کے ساتھ بچت میں اضافہ ہو جائے۔ بنک آف پنجاب نے ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ کی شراکت سے بی او پی سیونگ پلان متعارف کرایا ہے جو آپ کو بچت اور سرمایہ کاری کے نادر مواقع فراہم کرتا ہے اور جس سے آپ مفید اور کارآمد انشورنس حاصل کر سکتے ہیں۔

یونٹ ایکیومولیشن اور انویسٹمنٹ فنڈز:

اس پلان میں کی جانے والی ہر ادائیگی (کنٹری بیوشن) ای ایف یو لائف کے ایک اندرونی سرمایہ کاری فنڈ میں، جس کا انتخاب کسٹمر کرتا ہے، بطور سرمایہ کاری جمع کر دی جاتی ہے۔ یہ کنٹری بیوشنز اس وقت کی بینگی قیمت پر اس فنڈ کے یونٹس خرید نے پر استعمال کی جاتی ہیں۔ ان فنڈز کا مقصد ایک ایسے پورٹ فولیو، جس میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع ہوں، میں انویسٹ کر کے سرمایے میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کرنا ہے۔ ان فنڈز کی نگرانی سرمایہ کاری کے ماہرین کرتے ہیں جو معاشی حالات اور سرمایہ کاری کے مواقع کی روشنی میں بنیادی سرمایہ کاریوں کی آمیزش کو ترتیب دیتے ہیں۔

فنڈز کے انتخاب کی سہولت:

اس آپشن کے تحت بینک آف پنجاب کے پالیسی ہولڈرز اپنی پالیسیز کے آغاز میں ہی اس بات کا اختیار رکھتے ہیں کہ وہ اپنے لئے ایک ایسے یونٹ فنڈ کا انتخاب کریں جو ان کی رسک لینے کی عادت اور سرمایہ کاری کے مقصد کی بنیاد پر ہو۔ پالیسی ہولڈرز درج ذیل تین یونٹ فنڈز میں سے کسی بھی ایک فنڈ کا انتخاب کر سکتے ہیں (شرائط لاگو ہوں گی):

- ای ایف یو مینیجڈ گروتھ فنڈ (EFU Managed Growth Fund)
- ای ایف یو گارنٹیڈ گروتھ فنڈ (EFU Guaranteed Growth Fund)
- ای ایف یو اعتماد گروتھ فنڈ (EFU Aitemad Growth Fund)

خودساختہ حادثاتی موت اور معذوری کی صورت میں فائدہ:
(Built-in Accidental Death and Disability Benefit)

یہ پلان بیمہ شدہ فرد کی حادثاتی موت یا معذوری کی صورت میں فنڈ مہیا کرتا ہے۔ رقم کی یہ ادائیگی زیادہ سے زیادہ 5 ملین روپے کی حدود کے اندر رہتے ہوئے بنیادی سالانہ پریمیئم کا 10 سے 20 گنا ہوگی۔

خودساختہ پریمیئم میں چھوٹ کا فائدہ:
(Built-in Waiver of Premium Benefit)

اگر کوئی فرد بیماری یا حادثہ کے باعث اپنے پیشہ ورانہ فرائض سرانجام دینے کے قابل نہ ہو تو اس پلان کی کنٹری بیوشن کی ادائیگی ای ایف یو لائف کرے گی۔

فنڈ ایکسیلیریشن پریمیئم: (Fund Acceleration Premiums)

یہ ایک مستقل کنٹری بیوشن کا پلان ہے لیکن پلان میں یکمشت ادائیگیوں کے ذریعے فنڈز جمع کروا کے بچتوں میں اضافہ کرنے کی لچک بھی موجود ہے۔ ان یکمشت ادائیگیوں کو "فنڈ ایکسیلیریشن پریمیئم" (ایف اے پی) کہا جاتا ہے اور ان کی ادائیگیاں پالیسی کی مدت کے دوران کسی بھی وقت کی جا سکتی ہیں۔

"سیفٹی نیٹ" کے ساتھ سرمایہ کاری:

جیسے ہی کوئی فرد اس پلان کے ساتھ بچت کا آغاز کرتا ہے اسی وقت سے وہ لائف ایشورنس کے تحفظ سے مستفید ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اس تحفظ کا یہ مطلب ہے کہ اُسکی موت کی صورت میں اس کے لواحقین کو درج ذیل میسر ہونگے:

- تاریخ وفات پر بیمہ شدہ رقم یا پلان کی کیش ویلیو (ان میں سے جو بھی زیادہ ہو) اور
- ایف اے پی ادائیگیوں کی کیش ویلیو

بیمہ شدہ رقم: (Sum Assured)

یہ ایک ضمانت شدہ رقم ہے جو موت کی صورت میں لواحقین کو ادا کی جاتی ہے۔ بیمہ شدہ رقم کا تعین بطور بنیادی پلان سالانہ پریمیئم کو "پروٹیکشن ملٹی پل" سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے جو درج ذیل ٹیبل سے منتخب کیا جا سکتا ہے:

عمر	پروٹیکشن ملٹی پل
18 سے 35	5 سے 75
36 سے 40	5 سے 50
41 سے 49	5 سے 35
50 سے 60	5 سے (70-عمر)

ہر وقت بچتوں تک رسائی:

یہ پلان ہر وقت جمع شدہ فنڈ تک مکمل رسائی مہیا کرتا ہے۔ دو مکمل سالوں تک کنٹری بیوشنز کی ادائیگی کے بعد مخصوص شرائط کے ساتھ فنڈ مکمل یا جزوی طور پر نکالا جا سکتا ہے۔

ایڈیشنل بینیفٹس: (Additional Benefits)

مختلف ایڈیشنل بینیفٹ رائیڈرز دستیاب ہیں جنہیں بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کر کے اس پلان کے فوائد کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ یہ رائیڈرز درج ذیل ہیں:

- ایڈیشنل ٹرم ایشورنس (Additional Term Assurance)
- فیملی انکم بینیفٹ (Family Income Benefit)
- لائف کیئر بینیفٹ (Lifecare Benefit)

یونٹ ایلوکیشن:

بنیادی پلان میں مستقل کنٹری بیوشن کا تناسب جو سرمایہ کاری کے لئے مقرر کیا گیا ہے درج ذیل ہے:

پالیسی سال	ایلوکیشن کی شرح
1	35 فیصد
2	80 فیصد
3	90 فیصد
4 سے 10	100 فیصد
11 سے آگے	100 فیصد + لائیلٹی بونس ایلوکیشن

لائیلٹی بونس ایلوکیشن:

لائیلٹی بونس یونٹ ایلوکیشن پالیسی کے گیارویں سال سے شروع ہو کر ہر پانچ سال بعد لاگو ہوتا ہے۔ بونس ایلوکیشن اوسط بنیادی پلان کنٹری بیوشن کی ایک شرح فیصد ہے جو لائیلٹی بونس کے تعین کے سال سے پہلے پالیسی سال میں ادا کیا جاتا ہے۔ بنیادی پلان کنٹری بیوشن کے علاوہ زائد یونٹ کا تعین درج ذیل ہے:

پالیسی سال	ایکسٹرا یونٹ ایلوکیشن
11	30 فیصد
16	45 فیصد
21	60 فیصد
26	75 فیصد
31	90 فیصد
اور اسی تناسب سے بعد کے سالوں میں	

ایک سادہ مثال: (Sample Illustration)

35 سالہ مرد کے لئے 20,000 روپے کے ایک سالانہ بنیادی پلان پریمیئم اور 15 کے پروٹیکشن ملٹی پل کے ساتھ بی او پی سیونگ پلان کی بیمہ شدہ رقم / انشورنس کور 300,000 روپے ہوگا اور متوقع کیش ویلیو درج ذیل ہوگی:

پالیسی سال	کیش ویلیو		
	*8 فیصد سالانہ ریٹ آف ریٹرن	*10 فیصد سالانہ ریٹ آف ریٹرن	*12 فیصد سالانہ ریٹ آف ریٹرن
5	83,265	87,589	92,102
10	222,324	246,709	273,887
15	423,489	497,613	585,953
20	703,503	879,389	1,104,783
25	1,091,052	1,457,735	1,964,222

اس پلان کے تحت قدرتی وفات کی صورت میں حاصل ہونے والے فوائد بیمے کی رقم یا کیش ویلیو ہونگے (ان میں سے جو بھی زیادہ ہو)۔

* درج بالا ٹیبل میں بیان کردہ متوقع ریٹ آف ریٹرن فنڈ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارجز منہا کرنے سے پہلے کے ہیں۔ یہ چارجز ٹیبل میں بیان کردہ قدر کا تعین کرنے سے قبل متوقع ریٹ آف ریٹرن سے منہا کیے گئے ہیں۔

اہلیت:

داخلے کے وقت سے کم از کم اور زیادہ سے زیادہ عمر کی حد اگلے برتھ ڈے کے وقت بالترتیب 18 اور 60 سال ہے

مدت:

یہ پلان پوری زندگی کے لئے ہے جو لائف ایشورنس پروٹیکشن اور انویسٹمنٹ کے تاحیات فوائد فراہم کرتا ہے۔ اس پلان کا اوپن اینڈڈ (Open Ended) پہلو اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ کوئی کسی وقت بھی اپنی ضروریات اور حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے فنڈز نکلوا سکتا ہے۔

پریمیئم کنٹری بیوشن: (Premium Contribution)

کم سے کم سالانہ بنیادی پلان پریمیئم 9,000 روپے ہے۔ پریمیئم کی ماہانہ ادائیگی کا طریقہ صرف ایسی پالیسیوں کے لئے ہے جن کا سالانہ بنیادی پلان پریمیئم -/18,000 روپے یا اس سے زائد ہو۔ خودساختہ رائڈرز کا پریمیئم بنیادی پلان پریمیئم کے علاوہ وصول کیا جائے گا۔ فنڈ ایکسیلیریشن پریمیئم کی ادائیگیوں کے لئے کم از کم کنٹری بیوشن 9,000 روپے ہے۔ ایک سال میں ایف اے پی کی زیادہ سے زیادہ کنٹری بیوشن موجودہ سال کی سالانہ مستقل کنٹری بیوشن کا پانچ گنا ہے۔

چارجز:

اس پلان پر درج ذیل چارجز لاگو ہوں گے:

انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج:	فنڈ ویلیو کا 0.125 فیصد ماہانہ
بڈ/آفر سپریڈ:	کُل مستقل کنٹری بیوشن کا 5 فیصد
ایڈمنسٹریشن چارج :	50 روپے ماہانہ

ڈسکلیمر: (Disclaimer)

- یہ پراڈکٹ ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ نے انڈر رائٹ کی ہے۔ بینک آف پنجاب یا اس کے منسلک اداروں نے نہ ہی اس کی ضمانت دی ہے اور نہ ہی انشورنس کی ہے نیز یہ بنک آف پنجاب کی پروڈکٹ نہیں ہے۔
- ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے زیر نگرانی اور رجسٹرڈ ہے۔
- اس پلان میں کنٹری بیوشن کی سرمایہ کاری پالیسی ہولڈر کے انتخاب پر کسی ایک مذکورہ بالا فنڈ میں کی جاتی ہے۔
- کیش ویلیو 3 فیصد، 8 فیصد اور 12 فیصد کے سالانہ امکانی ریٹ آف ریٹرن کی بنیاد پر نکالی گئی ہیں۔
- اصل ویلیوز کا ٹیبل میں درج ویلیوز سے کم یا زیادہ ہونا فنڈ میں کی جانے والی سرمایہ کاری کی کارکردگی پر منحصر ہے۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ زکی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لیے رہنمائی کا باعث ہو۔ کسی قسم کا بینگی اندازہ ضروری نہیں کہ مستقبل کی ترجمانی کرے یا فنڈ زکی ممکنہ کارکردگی کو بیان کرے اور نہ ہی ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ اور نہ بنک آف پنجاب اس حوالے سے کسی بھی طرح ذمہ دار ہوں گے۔
- ہمارا سیلز کا نمائندہ آپ کو فائدکی شخصی مثال پیش کرے گا۔ برائے مہربانی دیگر شرائط و ضوابط کو تفصیلاً سمجھنے کے لیے اس مثال میں بیان کی گئی باتوں کو بغور پڑھیں۔
- سروس چارجز اور دیگر ٹیکسز بینک کے "شیڈول آف چارجز" اور متعلقہ حکام سے مشروط ٹیکس قوانین کے مطابق ہوں گے۔
- یہ معاہدہ کس طرح کام کرتا ہے اسے پالیسی کے قواعد و شرائط میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ پراڈکٹ بروشر پراڈکٹ کی خصوصیات اور فوائد کا صرف ایک عمومی خاکہ پیش کرتا ہے اور اس میں دیئے گئے اعداد و شمار ظاہری ہیں اور بطور مثال پیش کیے گئے ہیں۔

BOP
دی بینک آف پنجاب
ایک قدم جنہ کے ساتھ
بینک آف پنجاب
ہیڈ آفس
بی او پی ٹاور، 10 بی، بلاک ای ای/ا، مین بلیوارڈ گلبرگ-III، لاہور
یو اے ای این: 111-200-100
ویب سائیٹ: www.bop.com.pk

efu LIFE Zaroori Hai
ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ
37۔ کے، بلاک۔ 6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی۔ 75400
فیکس: 34535079(021) ٹیلی فون: 111-338-111(021)
کلائنٹ سروسز: 111-338-273(021)
ای میل: info@efulife.com اور bod@efulife.com
ویب سائیٹ: www.efulife.com

بینک ایشورنس

بی او پی۔ سیونگ پلان

بچت کی عادت بدلے قسمت...

BOP
دی بینک آف پنجاب
ایک قدم جنہ کے ساتھ

efu LIFE Zaroori Hai